سوال

(132) کیا ابن شہاب زہری شیعہ تھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صحیح بخاری کے ایک ثقہ راوی ابن شہاب زہری ہیں کیا وہ شیعہ ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام زہری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف تشیع کا انتساب من گھڑت افسانہ ہے حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ ''تقریب التہذیب''میں فرماتے ہیں:

''الفقیہ الحافظ متفق علی جلالتہ واتقانہ''۔ محمد بن مسلم ابن شہاب القرشی الزھری رقم (6296)

''زہری فقیہ حافظ ہیں، ان کی جلالت واتقان پر اہل علم کا اتفاق ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص417

محدث فتویٰ